StudentBounty.com
2010

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو سلیس ۔ ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) رسول ﷺ کی تعریف کو کیا کہتے ہیں؟
الف۔ قصیدہ ب۔ مرثیہ ج۔ نعت د۔ منقبت

(ii) ہجرت نبویؐ سے پہلے مدینے کا کیا نام تھا؟
الف۔ مدینہ ب۔ یثرب ج۔ مکہ د۔ طائف

(iii) اردو میں سب سے پہلے خطوط نویسی کا ایک نیا طرز کس نے ایجاد کیا؟
الف۔ علامہ اقبالؒ ب۔ سرسید احمد خاں ج۔ مولوی عبدالحق د۔ مرزا غالب

(iv) نظم "حُبِ وطن" کے شاعر کا نام کیا ہے؟
الف۔ مولانا حالی ب۔ علامہ اقبالؒ ج۔ ناصر کاظمی د۔ محمد اسماعیل میرٹھی

(v) 'ایک ڈالی کے سب ہیں برگ وثمر' اس مصرعے میں 'برگ وثمر' سے کیا مراد ہے؟
الف۔ پتے اور میوے ب۔ اہل وطن ج۔ درخت اور پتے د۔ جڑی بوٹیاں

(vi) "جیسی کرنی ویسی بھرنی" یہ قصہ کس زمانے کا ہے؟
الف۔ 1857ء ب۔ 1947ء ج۔ 1965ء د۔ 1971ء

(vii) مثنوی کس قسم کی نظم کو کہتے ہیں؟
الف۔ جس میں کوئی مضمون سلسلہ وار بیان نہ کیا گیا ہو اور جس کے تمام اشعار الگ قافیہ کے نہ ہوں
ب۔ جس میں کوئی مضمون سلسلہ وار بیان کیا گیا ہو اور جس کے تمام اشعار الگ قافیہ کے نہ ہوں
ج۔ جس میں کوئی مضمون سلسلہ وار بیان کیا گیا ہو اور جس کے تمام اشعار الگ قافیہ کے ہوں
د۔ جس میں کوئی مضمون سلسلہ وار بیان نہ کیا گیا ہو اور جس کے تمام اشعار الگ قافیہ کے ہوں

(viii) " دنیا میں پادشہ ہے سو ہے وہ بھی آدمی / اور مفلس و گدا ہے سو ہے وہ بھی آدمی"۔ یہ شعر کس شاعر کا ہے؟
الف۔ اکبرالٰہ آبادی ب۔ مولانا شبلی ج۔ مولانا حالی د۔ نظیر اکبرآبادی

(ix) "توبۃ النصوح" کے مصنف کا نام کیا ہے؟
الف۔ سرسید احمد خاں ب۔ ڈپٹی نذیر احمد ج۔ محمد حسین آزاد د۔ مولانا شبلی

(x) سب سے بڑا اسلامی شاعر کس کو کہتے ہیں؟
الف۔ میر تقی میر ب۔ مرزا غالب ج۔ علامہ اقبالؒ د۔ اکبرالٰہ آبادی

(xi) آغوشِ لحد، حُبِ دنیا، شکستِ ملت، میں "زیر" کس چیز کے لیے دیا جاتا ہے؟
الف۔ علت ب۔ اضافت ج۔ سبب د۔ عطف

(xii) مولوی وحید الدین سلیم کس یونیورسٹی میں اردو کے پروفیسر تھے؟
الف۔ پنجاب یونیورسٹی ب۔ کراچی یونیورسٹی ج۔ علی گڑھ یونیورسٹی د۔ عثمانیہ یونیورسٹی

(xiii) مغل بادشاہوں نے جنوبی ایشیا پر کتنے سو سال حکومت کی؟
الف۔ تین سو سال ب۔ چار سو سال ج۔ پانچ سو سال د۔ چھ سو سال

(xiv) مجاہد کی آرزو کیا ہوتی ہے؟
الف۔ اس کا نام بلند ہو ب۔ دین کا جھنڈا بلند ہو ج۔ مال و دولت حاصل ہو د۔ جاہ و حشمت ملے

(xv) "بابائے اردو" کسے کہتے ہیں؟
الف۔ مرزا غالب ب۔ سرسید احمد خاں ج۔ مولوی عبدالحق د۔ علامہ اقبالؒ

(xvi) "تاریخِ معصومی" کس کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟
الف۔ شبلی نعمانی ب۔ ڈپٹی نذیر احمد ج۔ محمد حسین آزاد د۔ میر معصوم شاہ بکھری

(xvii) مولانا محمد علی جوہر کہاں دفن ہیں؟
الف۔ بیت المقدس ب۔ مدینہ منورہ ج۔ دہلی د۔ علی گڑھ

(xviii) اردو ادب میں پطرس بخاری کی وجہ شہرت کس طرح کی طرزِ تحریر سے ہے؟
الف۔ مضمون نگاری ب۔ ناول نگاری ج۔ افسانہ نگاری د۔ مزاح نگاری

(xix) مولوی محمد حسین آزاد کس شہر میں پیدا ہوئے؟
الف۔ کراچی ب۔ لاہور ج۔ دہلی د۔ کلکتہ

(xx) منشی پریم چند کا شمار اردو کے بہترین ________ میں ہوتا ہے۔
الف۔ ناول نگاروں ب۔ افسانہ نگاروں ج۔ شاعروں د۔ مضمون نگاروں

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: [ ]

StudentBounty.com 2010

# اُردو سلیس - ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے — کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ "دوم" اور "سوم" کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 20)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (۲۰=۴×۵)

(i) نظم "حُبِ وطن" کی روشنی میں بتائیے کہ وطن کی محبت رکھنے والوں میں اتفاق سے رہنے میں کیا خوبیاں ہوتی ہیں؟

(ii) رُباعی کسے کہتے ہیں؟ نصابی کتاب میں جن شعراء کی رُباعیات شامل ہیں ان میں سے کسی ایک شاعر کا نام تحریر کیجیے۔ (یا)
تشبیہ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال بھی دیں۔

(iii) درج ذیل میں سے کوئی چار الفاظ و محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ مطلب واضح ہو جائے:
ذوق ، مجبور ، اشتہار ، جاں بحق ہونا ، آگ بگولہ ہونا ، دلاسا دینا

(iv) الفاظ کے متضاد لکھیں: نیکوکار ، کفر ، نافرمانی ، مخالفت

(v) شہد کی مکھیوں سے ہمیں کن باتوں کے لیے سبق ملتا ہے؟

## حصہ سوم (کل نمبر 60)

سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (۸=۶+۱+۱)

الف۔ توپیں گرج رہی تھیں، گولے برس رہے تھے۔ زمین پر چاروں طرف لاشوں کے ڈھیر نظر آتے تھے۔ شہر دہلی ویران اور سنسان ہو رہا تھا کہ لال قلعے سے پھر وہی چند شہزادے گھوڑوں پر سوار بدحواسی کے عالم میں بھاگتے ہوئے نظر آئے اور پہاڑ گنج کی طرف جانے لگے۔ دوسری طرف سے بیس پچیس گورے سپاہی دھاوا کرتے چلے آتے تھے۔ انہوں نے ان نوعمر سواروں پر یک لخت بندوقوں کی باڑ ماری۔ گولیوں نے گھوڑوں اور سواروں کو چھلنی کر دیا اور یہ سب شہزادے فرشِ خاک پر گر کر خون میں تڑپنے لگے۔

ب۔ دایہ نصیر پر جان دیتی تھی اور یہ سمجھتی تھی کہ شاکرہ اس سے بے خبر نہیں ہے۔ اس کی سمجھ میں شاکرہ اور اس کے درمیان ایسا مضبوط تعلق تھا جسے معمولی ترشیاں کمزور نہ کر سکتی تھیں۔ دایہ سے ضبط نہ ہو سکا۔ بولی "بیوی مجھ سے کوئی ایسی بڑی خطا تو نہیں ہوئی۔ بہت تو پاؤ گھنٹے کی دیر ہوئی ہوگی۔ اس پر آپ اتنا جھلا رہی ہیں۔ صاف صاف کیوں نہیں کہہ دیتیں کہ دوسرا اور دروازہ دیکھو۔ اللہ نے پیدا کیا ہے تو رزق بھی دے گا۔ مزدوری کا کال تو نہیں ہے"۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (۸)

الف۔
دُلہن کی شکل پر گُل نے لباسِ سُرخ پہنا ہے
شجر کے جسم پر کیا خوش نما پھولوں کا گہنا ہے
تعجب کیا جو ہیبت سے خزاں کے منہ پہ زردی ہے
کہ وہ فوج اس پہ غالب آئی جس کی سبز وردی ہے

ب۔
عزت قوم چاہتے ہو اگر
جاکے پھیلاؤ ان میں علم و ہنر
ذات کا فخر اور نسب کا غرور
اٹھ گئے اب جہاں سے یہ دستور

سوال نمبر۵: اپنے دوست کو امتحان میں شاندار کامیابی پر مبارکباد کا خط لکھیے۔ (یا)
اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھیے جس میں اسے ہدایت کیجیے کہ برے لڑکوں کی سوسائٹی سے اپنے آپ کو بچائے اور پڑھائی پر توجہ دے۔ (۹)

سوال نمبر۶: اپنی کتاب سے زبانی یاد پانچ اشعار لکھیں۔ اس پرچے میں دیے ہوئے اشعار نہ ہوں۔ (۵)

سوال نمبر۷: دو دوستوں کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (۵)

سوال نمبر۸: مندرجہ ذیل میں سے ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (۵)
(i) ایران کا جاڑا (ii) ایک وصیت کی تعمیل

سوال نمبر۹: ذیل میں دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (۲۰)
(i) میرا پسندیدہ شاعر (ii) وطن کی تعمیر میں طلبہ کا کردار (iii) دہشت گردی (iv) قومی اتحاد